غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GHAZALI EDUCATION TRUST

**قرآن پاک** تم میں سے کون ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے تاکہ اللہ کئی گناہ بڑھا چڑھا کر واپس کرے؟ گھٹانا بھی اللہ کے اختیار میں ہے اور بڑھانا بھی۔ اور اسی کی طرف تمہیں پلٹ کر جانا ہے۔ (البقرۃ۔245)

**حدیث پاک** کوئی دن نہیں گذرتا مگر یہ کہ اللہ کی طرف سے دو فرشتے اُترتے ہیں جن میں سے ایک خرچ کرنے والے بندے کے لیے دُعا کرتا ہے، کہتا ہے کہ اے اللہ! تو خرچ کرنے والے کو اچھا عوض دے اور دوسرا فرشتہ تنگ دل بخیلوں کے حق میں بددُعا کرتا ہے، کہتا ہے کہ اے اللہ! بخل کرنے والے کو تباہی و بربادی دے۔

دسمبر 2005 شمارہ نمبر 17 مرتب کردہ: شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن

66۔ ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966
E-mail: info@get.org.pk Visit us: www.get.org.pk

## حرفِ آغاز

دو ماہ گزرنے کے باوجود صوبہ سرحد اور کشمیر میں آنے والی قیامت خیز تباہی سے بلاتفریق مذہب ہر فرد سوگوار ہے۔ زلزلے کے نتیجہ میں آنے والی تباہی کو بلاشبہ پاکستان کی حالیہ تاریخ کا بدترین سانحہ کہا جا سکتا ہے۔ جس نے لاکھوں انسانوں کو زندگی کی بنیادی ضروریات تک سے محروم کر دیا ہے۔ بالاکوٹ، مظفرآباد، راولاکوٹ اور باغ تو جانے پہچانے نام ہیں اور نہ جانے کتنی گمنام بستیاں اس سانحے میں اپنا وجود کھو بیٹھی ہیں۔ ایک لاکھ کے لگ بھگ انسان جاں بحق اور اس سے کہیں زیادہ زخمی ہوئے۔ ۴ لاکھ گھر ناقابل رہائش ٹھہرے جبکہ ۳۵ لاکھ کی آبادی اس عظیم سانحہ کی لپیٹ میں آئی۔ نقصان کے یہ سب شماریے تو واضح ہیں مگر جو زخم اور گھاؤ دلوں پر لگے ہیں ان کا کوئی شمار ہی نہیں۔ بلاشبہ اگر سانحہ ''ہمالیہ'' تھا تو مدد کرنے والے انسان اور ادارے ''آسمان'' بن گئے۔

جنہوں نے ایک ایک فرد کی مسیحائی کی، ہر زخم پر مرہم رکھا اور ہر ستم رسیدہ کی دلجوئی کی۔

یوں خدا ترسی، ہمدردی، غمگساری اور خدمت خلق کی نئی تاریخ رقم ہوئی۔

پاکستان کے وجود پر گہرے گھاؤ کی صورت لگنے والا یہ زخم کیا اس بات کے لیے کافی نہیں کہ ہر پاکستانی انفرادی طور پر اور ہم من حیث القوم اس بات کا تجزیہ کریں کہ یہ سانحہ ہمیں کیا پیغام دیتا ہے؟ اپنے ماضی پر غور، دنیا کی بے ثباتی کا یقین، اللہ کی طرف رجوع، بے حسی اور بے بسی کی زندگی سے اعراض۔۔

یہی وہ عنوانات ہیں جن سے ہمیں فکر و عمل کی بزم سجانا ہے۔ تباہی کے اعداد و شمار، امداد و تعاون کے وعدوں اور ابلاغ کے پیچ و خم میں الجھ کر ہمیں بھول نہیں جانا چاہیے کہ ہر حادثہ اپنے اندر غور و فکر، عبرت و نصیحت اور درس و تذکیر کے کئی پہلو رکھتا ہے۔ یہ گھڑی انسانیت کے زخموں کا مداوا بننے کے ساتھ ساتھ اپنے روحانی اور اخلاقی وجود کے احیاء پر بھی ہمیں متوجہ کرتی ہے ورنہ سب کچھ کے باوجود پرنالہ وہیں گرتا رہے گا۔

[illegible] مجلس اور علمی روایت ہونے کے ناطے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے منتظمین اور کارکنان کشمیر اور سرحد میں طلبہ و اساتذہ کے جانی و مالی نقصان سے بدیہی طور پر متاثر ہوئے ہیں بلاشبہ سب سے قیمتی اثاثہ علم اور سب سے بڑا نقصان علمی ماحول کی معطلی ہے۔ دل شکستگی اور بے بسی کے باوجود ہر سانحے کی کوکھ سے بے شمار امکانات جنم لیتے ہیں ہمیں یقین ہے اہل عزم و ہمت نئے سرے سے ان بستیوں کو آباد کریں گے۔

نیا جہاں پیدا ہوگا، فضا علم کے نغموں سے ایک بار پھر معمور ہوگی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ متاثرہ علاقوں میں ہم اپنے اپنے حصے کی شمع جلائیں۔

ٹرسٹ نے صوبہ سرحد کے زلزلہ زدہ علاقوں میں تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان کیا ہے دور دراز بستیوں سے ہمارے اساتذہ طلبہ نے بساط بھر تعاون اپنے بھائیوں تک پہنچایا ہے۔ لیکن ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے ہم اپنے مہربانوں سے بھی توقع رکھتے ہیں کہ وہ دکھ کی ان گھڑیوں اور مایوسی کے ان اندھیروں میں امید، علم اور محبت کی شمع جلانے میں ہمارے ہمرکاب ہوں گے اس لیے کہ:

Shared joy is double joy and
Shared sorrow is half sorrow

سید وقاص جعفری
(سیکریٹری جنرل)

## غزالی ریسورس سینٹر کا قیام۔ ایک اہم پیش رفت

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ قیام سے لے کر آج تک بتدریج اپنے اہداف کی طرف پیش رفت کر رہا ہے۔ اس ضمن میں ایک اہم پیش رفت اور سنگ میل ''غزالی ریسورس سنٹر'' کا قیام ہے کہ جو غزالی سکول سسٹم ہیر ضلع لاہور میں قائم ہوا۔ جہاں معلمین غزالی کیلئے مختلف ٹریننگ کورسز اور ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے گا۔ سنٹر میں 40 افراد کی رہائش کا بھی انتہائی معقول انتظام کیا گیا ہے جبکہ ایک کانفرنس روم بھی تعمیر کیا گیا ہے۔

سنٹر کا آغاز ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ کے تحت لاہور ریجن کے ٹیچرز کیلئے منعقدہ سات روزہ ورکشاپ سے کیا گیا۔ جس کا موضوع Contact Competancy Program (CCP) تھا۔ شرکاء کی تعداد ۲۵ رہی ورکشاپ میں متعلقہ موضوع پر مقررین نے لیکچرز دیئے۔ صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے ٹرسٹ کی ٹیم کو اس عظیم کاوش پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ غزالی ریسورس سنٹر کے قیام سے انشاء اللہ غزالی سکول سسٹم اور دیگر سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے معلمین کی پیشہ ورانہ اور دینی و فکری تربیت کا کام مزید بہتر ہو جائے گا۔

## غزالی ریلیف فنڈ برائے متاثرین زلزلہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ تعلیم کے علاوہ دیگر شعبوں میں بھی سماجی خدمات کا فریضہ انجام دے رہا ہے۔ حالیہ زلزلہ سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر ٹرسٹ کے ذمہ داران نے فیصلہ کیا کہ ہم متاثرین زلزلہ کی ہر شعبہ میں بھرپور امداد کریں گے۔ چنانچہ اس سلسلے میں ایک ملک گیر مہم چلائی گئی ہر غزالی سکول سسٹم کو اپنے علاقہ میں بیس کیمپ کا درجہ دے کر ہنگامی بنیادوں میں اشیاء اور ساز و سامان کے علاوہ نقد عطیات بھی حاصل کیے گئے۔ اس وقت تک ایک محتاط اندازے کے مطابق 5,00000 روپے نقد اور 12 ٹرک سامان متاثرین زلزلہ کے لیے بھیجا جا چکا ہے۔

## متاثرین زلزلہ کے لئے سکولز کا قیام

مصیبت اور آزمائش کے کٹھن لمحات میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ذمہ داران اور معلمین نے متاثرین زلزلہ کے لئے مالی تعاون کے علاوہ تعلیمی معاونت کے لیے بھی اقدامات طے کئے ہیں ٹرسٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں بالخصوص صوبہ سرحد میں 10 عارضی سکولز کے قیام کا جامع اور وسیع المقاصد منصوبہ بنایا ہے۔ اس سلسلے میں دو رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ جس کے انچارج حافظ تنویر احمد جبکہ ممبر نصر اقبال چوہدری ہیں۔ کمیٹی تمام امور کا جائزہ لے کر بہت جلد منصوبہ عمل (Feasibility Report) پیش کرے گی۔

## دورہ ایگزیکٹوڈائریکٹر

❁ غزالی سکول سسٹم کا امتحانی نظام فُول پروف اور مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ ہے۔ غزالین کے تعلیمی معیار کو پرکھنے کیلئے ششماہی امتحانات کا انعقادعمل میں لایا گیا۔ جس کے نتیجے میں مجموعی رزلٹ 91% رہا جو کہ دیہی پاکستان کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے خاصا حوصلہ افزاء ہے۔

❁ ایگزیکٹوڈائریکٹرسکولز عامر محمود چیمہ نے غزالی سکول سسٹم، چک نمبر 81 ضلع سرگودھا کا امتحانات کے دوران اچانک دورہ کیا اور امتحانی نظام کا جائزہ لیا۔ غزالی سکول سسٹم مرکزی سطح پر کمپیوٹرائزڈ امتحانی نظام سے وابستہ ہے۔ ایگزیکٹوڈائریکٹر نے بہترین امتحانی نظام پر سکول سٹاف کو مبارکباد دی اور توجہ طلب امور پر رہنمائی فراہم کی۔

❁ عامر محمود چیمہ ایگزیکٹوڈائریکٹر (سکولز) اور جہانزیب احمد خان ترین (والنٹیرز کوارڈینیٹر) نے غزالی سکول سسٹم چک نمبر 79 ضلع فیصل آباد کی تقریب تقسیم انعامات میں شرکت کی بعد ازاں انہوں نے غزالی سکول سسٹم چک نمبر 78، ضلع فیصل آباد کی تقریب تقسیم انعامات میں شرکت کی۔ تقریب میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ عامر محمود چیمہ نے اپنے کلیدی خطاب میں کہا کہ ''غزالی سکول سسٹم'' دیہی پاکستان میں معیاری تعلیمی خدمات مہیا کر رہا ہے۔ ایگزیکٹوڈائریکٹر نے غزالی سکول سسٹم، 18 ہزاری ضلع جھنگ کا اور سکول کی عمارت کیلئے مجوزہ پلاٹ کا دورہ بھی کیا۔

## ہمارے مہمان

**ٹورنٹو (کینیڈا)** میں ترجمان پاکستانی کمیونٹی ریڈیو ''سازوآواز'' کے مظفر احمد اور عارفہ مظفر نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل سید وقاص انجم جعفری نے ان کا استقبال کیا اور ادارے کا تعارف و کارکردگی کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ مہمانان نے ادارے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور غزالی سکولز کے دورے کی دعوت بھی قبول کی۔ کینیڈا کی پاکستانی کمیونٹی میں تعلیمی شعور کے فروغ اور ٹرسٹ کے کام کی ترویج کے لیے بھی انہوں نے اپنی خدمات پیش کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

## سیکریٹری جنرل کا دورہ امریکہ وکینیڈا

**نارتھ امریکہ** کے مسلمانوں کی نمائندہ تنظیم اکنار یلیف (ICNA Releif) کی دعوت پر ٹرسٹ کے سیکریٹری جنرل سید وقاص جعفری نے ستمبر/ اکتوبر میں امریکہ وکینیڈا کی ریاستوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ٹرسٹ کی پروموشن اور تعارف کے لیے سیکریٹری جنرل نے کیلیفورنیا، مشی گن، نیوجرسی، اوکلاہوما، ٹیکساس، اٹلانٹا، نیویارک اور فلوریڈا میں مختلف مقامات پر پاکستانیوں کے اجتماعات سے خطاب کیا۔ وہ اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ (کینیڈا) کی دو روزہ سالانہ کانفرنس میں بھی شریک ہوئے جو 17، 18 ستمبر کو ٹورانٹو میں منعقد ہوئی۔ ٹورانٹو، مونٹریال، ونڈسر اور اٹاوہ کے دورہ میں فضل الرحمٰن ڈائریکٹر اکنا ریلیف کینیڈا نے خصوصی دلچسپی اور تعاون کا مظاہرہ کیا۔

## منظوری عمارت غزالی سکول سسٹم ٹھل حمزہ

**غزالی سکول سسٹم ٹھل حمزہ** کا شمار ضلع رحیم یار خان کے بہترین سکولوں میں ہوتا ہے۔ یہ سکول کرایہ کی عمارت میں قائم ہے۔ ٹرسٹ کے شعبہ تعمیرات کے زیرنگرانی 2006 کے آغاز میں ٹھل حمزہ سکول کا تعمیراتی کام شروع ہوجائے گا۔ زمین کا عطیہ مقامی زمیندار محمد سلیم خان گبول نے دیا ہے۔ انشاء اللہ جلد ہی اس پر کام شروع ہوجائیگا۔ سکول کی اپنی عمارت بننے سے سکول مزید ترقی اور کامیابی کی جانب گامزن ہوجائیگا۔ اہلِ علاقہ نے ٹرسٹ کی اس کاوش کو سراہا ہے۔

## تقریب تکمیل حفظِ قرآن

**غزالی سکول سسٹم گھرکو** میں فروری 2003ء سے سابق ڈائریکٹر پریپ میاں وقاص وحید کے تعاون سے حفظ قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا۔ ابتدائی طور پر 10 بچوں نے حفظ کلاس میں داخلہ لیا۔ قاری محمد اعجاز کی محنت سے ان طلباء نے اپنا حفظِ قرآن مکمل کر لیا ہے اس سلسلہ میں خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں سید عامر محمود ایگزیکٹو ڈائریکٹر GET، ریجنل منیجر اسلام آباد، ضیاء اللہ شاہین اور کرنل (ر) نعمان شریک ہوئے اور حفاظ کرام کی دستار بندی کی گئی۔

## ضلع سیالکوٹ میں 9 سکولز

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** کی کامیابی وکامرانی کا اظہار مختلف حلقوں میں مختلف انداز سے وقتاً فوقتاً ہوتا آرہا ہے۔ اسکی تازہ مثال یہ ہے کہ علامہ اقبال فاؤنڈیشن، سیالکوٹ کے زیر اہتمام چلنے والے تمام سکولز (چٹی شیخاں، برتھاں والا، سیدپور، کوہلووال، بُٹر، سیدڑاہ خورد، بھڑتھ، کپوروالی، دھیراسندا) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے حوالے کر دیئے گئے۔ اب یہ سکولز ٹرسٹ کی ملکیت ہیں اور ان کا تمام انتظام وانصرام غزالی نے سنبھال لیا ہے۔ منیجر پریپ جناب شہید الحق ظفر نے اس سلسلے میں ان سکولز کا تفصیلی دورہ بھی کیا ہے۔ اس امر پر اظہار خیال کرتے ہوئے ایگزیکٹوڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ مشتاق احمد مانگٹ نے کہا کہ یہ رب ذوالجلال کا فضل وکرم اور منتظمین غزالی کی شبانہ روز محنت کا باعث ہے کہ آج ٹرسٹ دیہی پاکستان کا ایک بڑا تعلیمی نیٹ ورک بن چکا ہے اور دیگر تنظیمیں اور ادارے بھی آج اپنے الحاق اور رہنمائی کیلئے ٹرسٹ پر اعتماد کر رہے ہیں۔

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ میں تقرروتبادلے

1. ایگزیکٹوڈائریکٹر مشتاق احمد مانگٹ نے شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ میں اختر محمود کا بطور پروگرام کوارڈینیٹر تقرر کیا۔ اختر محمود اس سے قبل ڈسٹرکٹ منیجر خوشاب رہے ہیں۔
2. سید محمد طارق شاہ کو بطور ایڈمن آفیسر ہیڈ آفس غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ میں تعینات کیا گیا ہے۔
3. تبسم مرتضیٰ صاحب کو ڈسٹرکٹ منیجر سکولز اسلام آباد، راولپنڈی اور اٹک کی ذمہ داری تفویض کی گئی ہے۔ اس سے قبل بطور ڈسٹرکٹ منیجر چکوال کام کرتے رہے ہیں۔
4. ڈاکٹر شاہد اقبال جو اس سے قبل سرگودھا کے ڈسٹرکٹ منیجر تھے، کو بطور پروگرام آفیسر مرکزی دفتر میں تعینات کیا گیا ہے۔
5. محمد عمران خلیل نے بطور اسسٹنٹ پروگرام آفیسر پریپ اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔
6. ظہیر احمد عباسی نے ٹرسٹ کی Internship Policy کے تحت IT ڈیپارٹمنٹ کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔
7. ڈی ایم ایس خوشاب مرزا فاروق حیدر کو بطور ڈی ایم ایس سرگودھا ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں۔ جبکہ اب احسان محمود بگھور کو ڈی ایم ایس خوشاب تعینات کیا گیا ہے۔

ادارہ ان حضرات کی کامیابیوں کے لیے دُعا گو ہے۔

## اجلاس بورڈ آف ڈائریکٹرز

غزالی کے نوتشکیل شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کا پہلا اجلاس چیئرمین ٹرسٹ جناب لیاقت بلوچ کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ نئے ممبران میں سے پروفیسر وقار علی کاری، جمشید علی خان، احمد شیر اعوان، محبوب الزمان بٹ، اور نصراقبال چوہدری نے اجلاس میں شرکت کی۔ جبکہ اس موقع پر صدر، سیکریٹری جنرل اور ایگزیکٹوڈائریکٹر کے علاوہ عامر محمود چیمہ اور حافظ تنویر احمد بھی موجود تھے۔ چوہدری محسن بشیر (اکاؤنٹس کنسلٹنٹ) مسز نادیہ اشتیاق، اور مسز میمونہ احمد (ایگزیکٹو پرنسپل غزالی کالجز) نے خصوصی دعوت پر شرکت کی۔ اجلاس میں ٹرسٹ کے شعبہ جات، کارکردگی، مسائل ومشکلات اور ان کے ممکنہ حل پر تفصیلی اور سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔

# غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات

**غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد** کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات گذشتہ دنوں نیشنل لائبریری آف پاکستان کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی پاکستان اور صدر متحدہ مجلس عمل قاضی حسین احمد تھے۔ جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں معروف کالم نویس عرفان صدیقی، ممبران قومی اسمبلی مسز بلقیس سیف اور مسز جمیلہ احمد اور صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پروفیسر اشتیاق احمد گوندل شامل تھے۔ تقریب کا آغاز سیکنڈ ائیر کی طالبہ عاصمہ اعظم کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ جبکہ کلاس نہم کی طالبہ منزہ جبین نے نعتِ رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ پروگرام کی سٹیج سیکرٹری لیکچرر اسلامیات مسز انیلہ حامد تھیں۔ مہمانانِ گرامی کی آمد پر کلاس نہم کی طالبات نے اُنکو پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ سامعین کو کالج کی ڈاکومنٹری فلم بھی دکھائی گئی۔ کلاس دہم کی فوزیہ رحمٰن نے ''عصانہ ہوتو کلیمی ہے کارِ بے بنیاد'' کے موضوع پر دلوں کو گرمانے والی تقریر کی جبکہ ایم اے انگلش پارٹ فرسٹ کی طالبہ ثمینہ عباسی نے اپنے تاثرات پیش کیے۔

اس کے بعد ڈائریکٹر کالج حافظ تنویر احمد نے کالج کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی جس کو مہمانان گرامی اور سامعین کی طرف سے بہت سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معروف کالم نویس عرفان صدیقی نے کہا کہ غزالی کالج اس معاشرے میں روشنی کا ایک چراغ ہے۔ اس میں زیرِ تعلیم بچیاں اور عفت مآب بیٹیاں ہیں جنہیں کل مائیں بننا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ کتنی خوش قسمت ہوگی وہ نسل جوان ماؤں کی آغوش میں پرورش پائے گی۔

تقریب کے مہمانِ خصوصی قاضی حسین احمد نے نہایت ہی پُر اثر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو غزالی کالج جیسے بہت سارے اداروں کی ضرورت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے آج ہمارا میڈیا ہماری خواتین کو مغربی رنگ میں رنگنے میں مصروف ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ دُنیا بھر کے ترقی یافتہ مما لک میں یکساں طرز کا نظام اور نصاب تعلیم رائج ہوتا ہے مگر ہمارے ملک میں کئی طرح کے نصاب موجود ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ آغا خان تعلیمی بورڈ اسلامی نظام تعلیم کے خلاف ایک بہت بڑی سازش ہے۔ نصاب تعلیم کو آئین پاکستان کا ترجمان ہونا چاہئے۔

تقریب سے پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے بھی خطاب کیا۔ اس کے بعد مہمانانِ گرامی نے نمایاں کارکردگی والی طالبات میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کیں۔

## کمپیوٹر کلاس کا آغاز

**غزالی سکول سسٹم جن پور** میں پرنسپل ادارہ محمد عامر منیب نے اپنی مدد آپ کے تحت کمپیوٹر کلاس کا آغاز کیا ہے۔ ہر کلاس کیلئے کمپیوٹر بطور نصاب شامل کیا گیا ہے۔ اہلِ علاقہ نے کمپیوٹر کلاس کے آغاز پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ اُمید ہے یہ قدم سکول کی ترقی میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔

## پریپ ضلع سرگودھا! شاباش

**امسال رمضان المبارک** کی فنڈریزنگ مہم میں غزالی سکول سسٹم ضلع سرگودھا نے سب سے زیادہ عطیات (45,000) وصول کیے۔ جبکہ اسکے علاوہ انہوں نے متاثرین زلزلہ زدگان کیلئے بھی لاکھوں روپے مالیت کے عطیات وسامان اکٹھا کیا۔ یہ بات ڈسٹرکٹ منیجر سکولز سرگودھا مرزا فاروق حیدر نے خصوصی ملاقات میں بتائی۔ علاوہ ازیں یہ امر بھی قابل تحسین ہے کہ اس مرتبہ سیشن 2005-2006ء کیلئے غزالی سکول سسٹم ضلع سرگودھا میں ریکارڈ داخلے ہوئے۔

## اٹک میں PTM

**غزالی سکول سسٹم، ویسہ** ضلع اٹک میں PTM منعقد ہوئی۔ جس میں والدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے غزالی سکول سسٹم کے نظام اور طریق کار پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی جناب ضیاء اللہ شاہین ریجنل منیجر اسلام آباد اور تبسم مرتضٰی DMS اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک تھے۔

## مرکزی دفتر میں مہمان

| | |
|---|---|
| تقدیس صدیقی | لاہور |
| اختر عباس | کالم نگار روزنامہ ''پاکستان'' |
| انجینئر شاہد | کویت |
| محمد زمرد چوہدری | سعودی عرب |

## یوم آزادی تقریبات ملتان ریجن

**ملتان ریجن** میں وطنِ عزیز کا 58 واں یوم آزادی پُر وقار اور شایانِ شان طریقہ سے منایا گیا اس سلسلہ میں تمام سکولز کو جھنڈیوں اور پاکستان کے پرچموں سے سجایا گیا اس سلسلہ میں 35 سکولز میں تقریبات ہوئیں۔ تقریبات میں 122 اساتذہ جبکہ 2781 طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ تلاوت، نعت، ملی ترانوں، تقاریر اور نظموں کے مقابلہ جات میں 528 طلبہ جبکہ 8 کوئز مقابلہ جات۔ 1 تقریری مقابلہ، 3 ملی نغموں کے مقابلہ جات 18 عدد خاکوں 1 ٹیبلو، 7 پی ٹی سی، 2 بیت بازی اور ایک عدد میوزیکل چیئر کے پروگرامات میں 505 طلبہ وطالبات نے حصہ لیا۔

16 سکولز میں آزادی واک ہوئیں جن میں 1330 طلبہ و طالبات نے شرکت کی یوم آزادی کے پروگرامات میں 1095 والدین، معززین علاقہ اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ ان تقریبات میں جو اخراجات ہوئے ان میں 39 فیصد اخراجات سکولز نے 19 فیصد اساتذہ نے اور 27 فیصد طلبہ و طالبات نے جبکہ 15 فیصد فنڈز معززین علاقہ نے فراہم کیئے۔

## غزالی سکول سسٹم کامرہ میں تقریب تقسیم اشیاء

**25 اکتوبر 2005ء** بروز منگل غزالی سکول سسٹم کامرہ، ضلع اٹک میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں ریجنل منیجر اسلام آباد ضیاء اللہ شاہین اور ڈسٹرکٹ منیجر سکولز تبسم مرتضٰی نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ تقریب کے مہمانِ خاص مقامی ناظم یونین کونسل حاجی محمد اشفاق تھے۔ تقریب میں بچوں کے والدین نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ غزالی سکول سسٹم کے بچوں نے ملی نغمے، ترانے، تقاریر، خاکے اور ٹیبلو پیش کیے۔ جنہیں والدین نے خوب سراہا۔ آخر میں یتیم اور مستحق بچوں میں یونیفارم اور دیگر سامان تقسیم کیا گیا۔ ناظم یونین کونسل نے بچوں کی کارکردگی کو سراہا اور یتیم بچوں کو 1000 روپے تعاون پیش کیا۔

## سیکرٹری جنرل کی یوم والدین میں شرکت

**سید وقاص جعفری** نے غزالی سکول سسٹم میانوال رانجھا ضلع منڈی بہاؤالدین اور غزالی سکول سسٹم وڑائچانوالہ ضلع گجرات جنوبی کے یوم والدین کی تقریبات میں شرکت کی اور ہونہار طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔ وقاص جعفری نے طلباء و طالبات کی کارکردگی کو سراہا اور اسے غزالی سکول سسٹم کے اساتذہ کی محنت قرار دیا اور تحصیل میں اول پوزیشن لینے والے طالب علم کی حوصلہ افزائی کی۔

## غزالی سکول سسٹم پپلاں عمارت کی تکمیل

**شعبہ تعمیرات** کے ذرائع کے مطابق غزالی سکول سسٹم پپلاں ضلع میانوالی کی عمارت کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے اور سکول نئی عمارت میں شفٹ ہوگیا ہے۔ اس موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی جس میں بچوں، والدین اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ یہ عمارت 10 ماہ کی ریکارڈ مدت میں مکمل ہوئی۔ اور ٹرسٹ کی اچھی نگرانی اور بہتر حکمت عملی کی وجہ سے تخمینہ سے کم لاگت میں مکمل ہوئی۔ اس امر پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر مشتاق احمد مانگٹ نے منیجر LACD افتخار احمد ربانی اور اسسٹنٹ پروگرام آفیسر سیف الرحمٰن کو مبارک باد پیش کی۔ اس کے ساتھ ہی ٹرسٹ کی ملکیتی سکول بلڈنگز میں ایک اور کا اضافہ ہوا۔ لیکن ۔۔۔ ہنوز کئی سکول عمارات کے لیے اہل خیر وثروت کے تعاون کے منتظر ہیں۔

## تعمیرات

افتخار احمد ربانی منیجر LACD کے مطابق **غزالی سکول سسٹم، لیٹی** ضلع چکوال کی زیر تعمیر عمارت کی چھت مکمل ہوگئی ہے جبکہ Finishing کا کام تکمیل کے قریب ہے۔ سکول ڈونر چوہدری محمد زمرد نے اُس دوران سائٹ کا دورہ کیا اور جاری کام پر اطمینان کا اظہار کیا۔

غزالی سکول سسٹم، رجانہ ضلع جھنگ کی تعمیر جاری ہے، آئندہ ہفتے انشاء اللہ چھت مکمل ہوجائے گی۔

## ''سیمینار - دیہی پنجاب اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ''

**قرآن وسنت** پر مبنی نظام تعلیم ہی دفاع پاکستان کا حقیقی ضامن ہے اور آغا خان تعلیمی بورڈ پاکستانی تہذیب کے لیے سم قاتل ہے۔ ان خیالات کا اظہار جناب لیاقت بلوچ نے گزشتہ روز غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام اسلام آباد میں منعقدہ ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کو اپنے کلچر کے قریب کرنے کے لیے ٹرسٹ جیسے ادارے وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے ٹرسٹ کی بہترین کارکردگی پر پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔

سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے سکالر اور معروف کالم نویس ڈاکٹر حسین احمد پراچہ نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے وسائل کی قلت کے باوجود محدود مدت میں اتنا عظیم کام کر دکھایا کہ جو قیام پاکستان سے لے کر آج تک کوئی حکومت بھی نہ کرسکی۔

قبل ازیں صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے شرکائے سیمینار کو ملٹی میڈیا پروجیکٹر کے ذریعے ٹرسٹ کے اغراض ومقاصد اور کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔

سیمینار سے سینئر ڈاکٹر مراد علی شاہ اور جوائنٹ سیکریٹری ٹرسٹ حافظ تنویر احمد نے بھی خطاب کیا۔

## غزالی فورم کا قیام

ٹرسٹ کی منصوبہ بندی کے مطابق پنجاب کے اضلاع میں ''غزالی فورم'' کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے۔ جس کے پہلے مرحلے میں اسلام آباد، فیصل آباد اور خوشاب کے اضلاع میں غزالی فورم قائم کیے جارہے ہیں۔ جسکے لیے پروگرام کوارڈینیٹر I&P، اختر محمود نے اضلاع کے دورے کیے اور ممتاز شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ جن میں جناب غلام رسول سنگھا (تحصیل ناظم خوشاب) محترمہ مہناز عطا ایڈووکیٹ، انٹرنیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس (خوشاب)، محبوب الزماں بٹ، ممبر BOD (فیصل آباد) ملک مسعود نذیر راجڑ (جوہر آباد)، رانا عبدالقیوم ڈپٹی سیکرٹری ایجوکیشن (لاہور) اور ڈاکٹر حمید اللہ (اسلام آباد) سمیت دیگر اہم شخصیات شامل ہیں۔ غزالی فورم کے قیام کا بنیادی مقصد ان اضلاع میں ٹرسٹ کی دعوت کا فروغ اور میڈیا میں اثر ونفوذ پیدا کرنا ہے۔

اس ضمن میں سرگودھا میں غزالی فورم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب دی ایجوکیٹرز سرگودھا میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خاص AIG موٹروے پولیس محمد آصف تھے انھوں نے اپنے کلیدی خطاب میں ٹرسٹ کے مختلف پراجیکٹس کا آنکھوں دیکھا حال بیان کیا اور ٹرسٹ کے پروگرام، سپروائزری سسٹم اور بالخصوص ٹریننگ کے شعبہ اور اس کی کارکردگی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر سکولز عامر محمود چیمہ نے Presentation دی۔ جبکہ صدارتی خطبہ میں صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے غزالی فورم کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی اور سرگودھا میں اسکے قیام کا اعلان کیا۔ انھوں نے ٹرسٹ کے لئے حاجی لیاقت علی کی خدمات کو سراہا۔ تقریب میں پروفیسر عبدالحمید، پروفیسر طالب حسین وڑائچ، جاوید اقبال چیمہ، صاحبزادہ عبدالرسول، جہانزیب خان ترین، پروفیسر عرفان احمد، شمس نوید چیمہ، محمد آصف مجاہد، جمشید علی خان، اور طاہر فاروق سمیت سرگودھا کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ اختر محمود پروگرام کوآرڈینیٹر I&P نے شرکاء کا بالخصوص حاجی لیاقت کا شکریہ ادا کیا۔ اور غزالی فورم کا دائرہ دیگر اضلاع تک پھیلانے کے عزم کا اظہار کیا۔

دعائیہ کلمات پروفیسر عرفان احمد نے ادا کیے۔

## غزالی کالج برائے خواتین کا اعزاز

**فیڈرل بورڈ** آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کے تحت ''انٹر کالجز سائنس ماڈل نمائش'' کا انعقاد کیا گیا۔ غزالی کالج کی طالبات سدرہ فضل، ثناء خورشید، منصورہ جمال اور ناہیدہ میر نے کالج کی نمائندگی کی اور کیمسٹری اور بیالوجی میں فرسٹ جبکہ کمپیوٹر سائنس میں تھرڈ پوزیشن حاصل کی۔ کالج کے ڈائریکٹر عبدالسلام نے اس کامیابی پر تمام اساتذہ و طالبات کو مبارک باد پیش کی۔

## سٹوڈنٹس ریلیف فنڈ کا قیام

**غزالی کالج** برائے خواتین اسلام آباد میں اس وقت 40 سے زیادہ طالبات ایسی ہیں جن کا تعلق مانسہرہ اور آزاد کشمیر سے ہے جن کے گھر تباہ ہوچکے ہیں اور خاندان کے کئی افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کالج انتظامیہ نے ''سٹوڈنٹس ریلیف فنڈ'' قائم کیا ہے۔ جس میں طالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ طالبات نے مرکزی کیمپ کے علاوہ گھر گھر مہم کے دوران امدادی سامان اور عطیات اکٹھے کیے۔ کالج کی طرف سے امدادی سامان کا ایک ٹرک ایڈمن آفیسر عزیز الرحمان کی زیر نگرانی مانسہرہ، بٹل، شنکیاری، جبوڑی کے متاثرین میں تقسیم کیا گیا۔

## PTM غزالی سکول سسٹم 59/WB ضلع وہاڑی

غزالی سکول سسٹم 59/WB ضلع وہاڑی میں طلبہ کے والدین اور ٹیچرز کی میٹنگ ہوئی والدین کی کثیر تعداد نے بڑی دلچسپی کے ساتھ اور بروقت شرکت کی۔ پرنسپل سکول عالیہ اکرم اور دیگر سٹاف میں صوفیہ پروین اور آسیہ نواز نے سکول کی مجموعی کارکردگی، طلبہ کی کارکردگی اور آئندہ کے اہداف والدین کے سامنے رکھے ڈی ایم ایس وہاڑی رضا محمد قادری نے ٹرسٹ کے مقاصد، نصب العین، نظام اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ والدین نے ٹرسٹ اور سکول کے کام کو خراج تحسین پیش کیا اور اپنے بھرپور تعاون اور سرپرستی کا یقین دلایا۔ تمام والدین نے طلبہ کی تعلیمی صورتحال اور سٹاف کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

## تقریب تقسیم سکول بیگ ضلع ڈیرہ غازی خان

ضلع ڈیرہ غازی خان میں 60 کے قریب یتامیٰ بچوں کو سکول بیگ تقسیم کیے گئے چار سکولز میں تقریبات ہوئیں۔ یارو کھوسہ، کوٹ مبارک، سنجر سیداں اور بستی چالانی میں باقاعدہ تقریبات ہوئیں۔ جن میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ٹرسٹ کے پروگرام کو سراہا۔

## غزالی فلڈلائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ

غزالی سکول سسٹم دھریمہ کے زیراہتمام ''غزالی فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ'' منعقد ہوا۔ جس میں علاقہ کی معروف ٹیموں نے شرکت کی۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی ناظم UC محمد شیر سنکیانہ اور سوشل ویلفیئر آفیسر حسین احمد گوندل تھے۔ اہل علاقہ اور شائقین نے کثیر تعداد میں ٹورنامنٹ کو دیکھا اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی اس کاوش کو شاندار انداز میں سراہا۔ ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر مہمانان گرامی نے ریجنل منیجر پریپ وقار احمد گوندل اور ڈسٹرکٹ منیجر سکولز سرگودھا مرزا فاروق حیدر کو مبارکباد پیش کی۔

## سہ ماہی پلاننگ اجلاس

ٹرسٹ کا سہ ماہی پلاننگ اجلاس (QPM) 18 نومبر 2005ء جناب محمد مشتاق احمد مانگٹ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ جس میں مرکزی شعبہ جات کے ذمہ داران ریجنل منیجرز پریپ کے علاوہ خصوصی طور پر سید وقاص جعفری سیکرٹری جنرل اور عامر محمود چیمہ (ایگزیکٹو ڈائریکٹر سکولز) نے شرکت کی۔ اجلاس میں پچھلی سہ ماہی کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کیلئے حکمت عملی طے کی گئی۔ اجلاس میں ''Orgnizational Changes'' کے موضوع پر محترم محمد مشتاق احمد مانگٹ نے اظہار خیال بھی کیا۔

## بریفنگ سیشن

چلڈرن کمپلیکس لاہور، میں دارارقم سکولز کی تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ مشتاق احمد مانگٹ نے بچوں کے والدین کو ٹرسٹ کے متعلق بریفنگ دی۔ کثیر تعداد میں موجود حاضرین نے دیہی علاقوں میں ٹرسٹ کی خدمات کو شاندار انداز میں خراجِ تحسین پیش کیا۔

## مشاورتی کمیٹی کا اجلاس

غزالی سکول سسٹم مہرپور کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس ڈی ایم ایس کی زیرصدارت ہوا۔ جس میں ملک رمضان وہاڑی، مولانا محمد رفیق، مہر امیر عبداللہ اور حاجی عطا محمد شریک ہوئے۔ میٹنگ میں سکول رجسٹریشن، بلڈنگ اور دیگر مسائل زیرِ بحث آئے۔

## کمپیوٹر کلاس کا آغاز

غزالی سکول سسٹم جن پور میں پرنسپل ادارہ محمد عامر منیب نے اپنی مدد آپ کے تحت کمپیوٹر کلاس کا آغاز کیا ہے۔ ہر کلاس کیلئے کمپیوٹر بطور نصاب شامل کیا گیا ہے۔ اہل علاقہ نے کمپیوٹر کلاس کے آغاز پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ اُمید ہے یہ قدم سکول کی ترقی میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔

## غزالی کو درپیش چیلنجز اور انکا سدباب

ہیڈ آفس میں ''غزالی کو درپیش چیلنجز اور انکا سدِ باب'' کے موضوع پر ایک جامع اور مفصل لیکچر ہوا۔ جس کے ریسورس پرسن ڈائریکٹر CMD (Center for Management & Development) نسیم ظفر تھے۔ لیکچر میں تعلیم کے جدید رجحانات اور ٹرسٹ کے کرنے کے کام زیر بحث آئے۔ لیکچر میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور مرکزی دفتر کے تمام افراد نے شرکت کی۔

## استقبالِ رمضان

استقبال رمضان کے سلسلے میں ہیڈ آفس میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں غزالی، آفاق اور دارارقم سے متعلق مختلف افراد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خاص اور مقرر چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد منصوری تھے۔ انہوں نے قرآن وسنت کی روشنی میں اپنے موضوع سے متعلق مفصل اور مدلل گفتگو فرمائی۔

## ممبران BOD میں اضافہ

چیئرمین ٹرسٹ لیاقت بلوچ نے درج ذیل افراد کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ممبر نامزد کیا ہے۔

- جمشید علی خان
- نصر اقبال چوہدری
- پروفیسر وقار علی کاری
- محبوب الزماں بٹ
- احمد شیر اعوان
- ڈاکٹر طاہرہ بشارت
- محترمہ عافیہ سرور

## یوم اقبالؒ

عظیم شاعر علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش پر غزالی کالج میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب سے پرنسپل غزالی کالج مسز انیلہ حامد نے خطاب کیا اور علامہ محمد اقبالؒ کی شاعری کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے طالبات پر زور دیا کہ وہ اقبالؒ کی شاعری کی روح کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ اس موقع پر طالبات کے مابین تقریری مقابلہ بھی ہوا جس کا موضوع تھا

کانپتا ہے دل تیرا اندیشہء طوفاں سے کیا
ناخدا تو، بحر تو، کشتی بھی تو، ساحل بھی تو

## سٹاف ڈویلپمنٹ

منیجر پریپ شہید الحق ظفر نے (Non Government Orgnization Resource Center) NGORC کی دو روزہ ورکشاپ منعقدہ اسلام آباد میں شرکت کی ورکشاپ کا موضوع ''Development Communication'' تھا۔

پروگرام آفیسر پریپ ڈاکٹر شاہد اقبال نے Center for Development کے زیراہتمام ہونے والی ایک روزہ ورکشاپ منعقدہ لاہور میں شرکت کی جس کا عنوان Communi-cation تھا۔

## نئے لائف ٹائم ممبرز

- شاہد محمود طاہر ______ (امریکا)
- ڈاکٹر شجاعت حسین ______ (امریکا)
- فیض رسول ______ (بحرین)
- راجہ یٰسین ______ (بحرین)
- امین الدین ______ (لاہور)
- ڈاکٹر وسیم اختر ______ (امریکا)

## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں تقریبات

### یوم تاسیس غزالی کالج


24 اکتوبر 2005 کو غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں یوم تاسیس کے تحت ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس سے پرنسپل غزالی کالج مسز انیلہ حامد نے خطاب کرتے ہوئے غزالی کالج کے قیام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ طالبات اور اساتذہ نے بھی اپنے تاثرات پیش کیئے۔ طالبات نے ترانے بھی پیش کیے اس موقع پر گرینڈ افطار ڈنر کا اہتمام بھی کیا گیا۔

### دوروزہ تربیتی ورکشاپ برائے اساتذہ وطالبات

غزالی کالج اسلام آباد میں ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں اساتذہ اور طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ پروفیسر مصباح الرحمٰن یوسفی (ہیڈ فیصل مسجد اسلامک سنٹر) سید بختیار معانی (ممبر قومی اسمبلی)، مسز انیلہ حامد (پرنسپل)، مس عائشہ کنول (لیکچرر) نے مختلف موضوعات پر لیکچرز دیئے۔ مقابلہ نعت وقرأت اور گروپ ڈسکشنز کا انعقاد بھی کیا گیا۔

### یوم بدر کے موقع پر تقریر/لیکچر

یوم بدر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر مستفیض احمد علوی نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے یوم بدر کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔





## شادی مبارک

سید تحریم ارتضیٰ پروگرام کوآرڈینیٹر انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ گذشتہ دنوں رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ شادی کی تقریب شیخ زید اسلامک سنٹر پنجاب یونیورسٹی لاہور میں منعقد ہوئی، جس میں ٹرسٹ کے مرکزی ذمہ داران نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔

ڈاکٹر شاہد اقبال پروگرام آفیسر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کی شادی خانہ آبادی کی تقریب سرگودھا میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ایگزیکٹو ڈائریکٹرز سکولز، مینجر پریپ اور ریجنل ڈائریکٹرز سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔

ادارہ زندگی کے نئے اور پرمسرت سفر پران احباب کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔



ہونہار غزالیئن تفریح کے لمحات میں

## "آؤ عہد کریں"

آؤ عہد کریں ہم سب اپنا وطن سنواریں گے
اپنے پیارے دیس کی خاطر اپنی جاں بھی واریں گے

اس کی گلیوں بازاروں میں علم کے دیپ جلائیں گے
اس کے کھیتوں، کھلیانوں میں پھول ہی پھول کھلائیں گے
اس کے آنگن آنگن کو ہم خوب سے خوب نکھاریں گے
آؤ عہد کریں ہم سب اپنا وطن سنواریں گے

نفرت اور کدورت کی کچھ ایسی صفائی کرنی
پیارے دیس کے ہر شہری کے دل میں محبت بھرنی ہے
سنتِ نبوی ﷺ پر ہم اب اپنی دیوار اُساریں گے
آؤ عہد کریں ہم سب اپنا وطن سنواریں گے

شہ رگ ہے کشمیر ہمارا بھارت سے چھڑوانا ہے
ہم ہیں کتنے قول کے پکے دنیا سے منوانا ہے
باتوں سے گر نہ مانا تو اس کی کھال اُتاریں گے
آؤ عہد کریں ہم سب اپنا وطن سنواریں گے

آؤ عہد کریں ہم سب اپنا وطن سنواریں گے
اپنے پیارے دیس کی خاطر اپنی جاں بھی واریں گے

نبیلہ ایوب، غزالی گرلز ہائی سکول
اڈاپل 93 گ۔ب ضلع فیصل آباد

## غزالی سکول سسٹم ضلع وہاڑی کے زیر اہتمام دوروزہ DTE کلاس

غزالی سکول سسٹم ضلع وہاڑی کے اساتذہ کی ذہنی وفکری نشوونما اور انکی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں نکھار کیلئے ہر ماہ کی آخری اتوار کو DTE کلاس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس ڈپلومہ کے انچارج عبدالخالق شاکر ہیں۔ ماہ جون، جولائی کی یہ دوروزہ کلاس پائلٹ سیکنڈری سکول آف سائنس وہاڑی میں منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز گورنمنٹ کالج وہاڑی کے پروفیسر راؤ فرمان علی کوثر کے درس قرآن سے ہوا۔ بعدازاں ELT کے مختلف کورسز ہوئے۔ انگلش کی کتب پر گروپ ڈسکشن ہوئی۔ "Basic English بچوں کو کیسے سکھائیں" کے موضوع پر ممتاز ماہر تعلیم ملک محمد علی اعوان کا لیکچر ہوا۔ اس موقع پر شرکاء کے درمیان ایک خوبصورت مباحثہ "علم نہیں ڈگری چاہیئے" کے موضوع پر ہوا جس میں شرکاء نے دل کھول کر اظہار خیال کیا اور بالآخر علم کی اہمیت اور افادیت کو تسلیم کر لیا گیا۔ دوران وقفہ پرنسپلز میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اور مینگو پارٹی بھی ہوئی پُرفضاء مقام اور خوشگوار موسم نے ورکشاپ کو اور زیادہ یادگار بنائے رکھا۔


## مرکزی دفتر کی تزئین وآرائش

ایڈمن آفیسر محمد طارق شاہ کے مطابق ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں تزئین وآرائش کا کام تیزی سے جاری ہے۔ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ میٹنگ روم جبکہ پارکنگ ایریا، استقبالیہ، کوریڈور اور دفتر کے دیگر حصوں کو دیدہ زیب اور خوبصورت بنایا جارہا ہے۔


# غزالی ریسورس سنٹر میں ٹیچرز ٹریننگ کی تصویری جھلک




غزالی ریسورس سنٹر کا بیرونی منظر





شرکاء سے مشتاق احمد مانگٹ خطاب کر رہے ہیں





ٹریننگ کے دوران شفیق احمد اور حافظ عثمان سٹیج پر تشریف فرما ہیں



سائنس اور ریاضی کی ٹیچرز ٹریننگ کے دوران عملی سرگرمی کا ایک منظر




ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ ٹریننگ آفاق شاہد وارثی شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



شرکاء ورکشاپ کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے ساتھ گروپ فوٹو


## ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی Association For Academic Quality

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

**قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات کی روشنی میں لکھی گئی**

# آفاق ٹیکسٹ بکس

- ٹیکسٹ بکس
- ٹیچرز ٹریننگ
- تعلیمی رہنمائی

- مواد کی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روزمرہ زندگی سے مربوط
- طلباء میں غور و فکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- معیاری اور با مقصد تعلیم کا نام

◄ ہیڈ آفس
796۔سی، فیصل ٹاؤن لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089

◄ مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر الیس سینٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259 فیکس: 7248259

◄ آفاق بک شاپ
110۔چیٹر جی روڈ، اردو بازار لاہور فون: 042-7247585

کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔

ٹیکسٹ بکس کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں فوری رابطہ کریں۔ 0300-4600509, 0300-8412905


# تصاویر کے آئینے میں



چیئرمین ٹرسٹ لیاقت بلوچ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے




سہ ماہی پلاننگ اجلاس۔ سید وقاص جعفری۔ مشتاق احمد مانگٹ اور عامر محمود چیمہ نمایاں ہیں




اسلام آباد۔ بریفنگ سیشن سے معروف کالم نگار پروفیسر حسین احمد پراچہ خطاب کر رہے ہیں لیاقت بلوچ، ڈاکٹر اشتیاق گوندل، ڈاکٹر مراد علی شاہ اور حافظ تنویر احمد سٹیج پر تشریف فرما ہیں



لاہور۔ مینیجر پریپ شہید الحق ظفر ٹیچر ٹریننگ میں اساتذہ سے مخاطب ہیں




ڈیرہ غازی خان میں منعقدہ ڈپلومہ ان ٹیچنگ افیکٹیونس کے شرکاء



کویت میں ٹرسٹ کی Presentation کے دوران حاجی لیاقت اور دیگر احباب





رمضان مہم کے دوران لاہور میں لگائے گئے ہورڈنگز میں سے ایک




پرعزم غزالیئن بچیاں ترانہ پیش کرتے ہوئے




سکول کے سبزہ زار میں تعلیمی عمل



نو تعمیر شدہ عمارت کے کمرہ جماعت کا ایک منظر



پاکستان سے والہانہ محبت کا اظہار۔ آزادی واک



LACD کے زیر اہتمام ٹرسٹ کی تعمیر شدہ خوبصورت عمارت